I-SAPS
Informing Policies, Reforming Practices

Institute of Social and Policy Sciences

IDEAS
ADVOCACY AND INNOVATION FUNDS FOR EDUCATION IN PAKISTAN

# ضلع لودھراں

# تعلیمی لحاظ سے صوبائی حلقوں کی درجہ بندی


جنوری 2014ء تا جون 2014ء














# ضلع لودھراں

# تعلیمی لحاظ سے صوبائی حلقوں کی درجہ بندی

جنوری 2014ء تا جون 2014ء

ضلع لودھراں

تعلیمی لحاظ سے صوبائی حلقوں کی درجہ بندی

جنوری 2014ء تا جون 2014ء

مطبوعات:

انسٹیٹیوٹ آف سوشل اینڈ پالیسی سائنسز

مکان نمبر 13، گلی نمبر 1، G-6/3 اسلام آباد

پوسٹ بکس نمبر 1379، اسلام آباد، پاکستان

فون: 0092-51-111-739739، فیکس: 0092-51-2925336

ای میل: info@i-saps.org، ویب سائٹ: www.i-saps.org

تعاون: علم آئیڈیاز

ISBN: 978-969-9393-40-2

© 2014 I-SAPS, Islamabad.

رینکنگ کارڈ میں دیئے گئے اعداد و شمار و معلومات انسٹیٹیوٹ آف سوشل اینڈ پالیسی سائنسز کی تحقیق کا نتیجہ ہیں۔

اس ایجنڈا کے مندرجات سے علم آئیڈیاز کا متفق ہونا ضروری نہیں۔

# فہرست


1- تعارف ........ 1

2- بنیادی مقاصد ........ 1

3- درجہ بندی کا طریقہ کار (Ranking Methodology) ........ 1

4- تعلیمی معیار کے اعداد و شمار (تعلیمی سکور) ........ 1

5- سکولوں میں دستیاب سہولتوں کے اعداد و شمار (سکول سکور) ........ 1

6- حلقہ جاتی تعلیمی درجہ بندی ........ 2

7- گراف نمبر 1 (صوبائی حلقہ جات کے تعلیمی معیار کے لحاظ سے اعداد و شمار اور درجہ بندی) ........ 3

8- گراف نمبر 2 (صوبائی حلقہ جات کے سکولوں میں بنیادی سہولتوں کی دستیابی کے حوالے سے اعداد و شمار اور درجہ بندی) ........ 4

9- نقشہ نمبر 1 (صوبائی حلقوں کی تعلیمی لحاظ سے درجہ بندی) ........ 5

10- نقشہ نمبر 2 (صوبائی حلقوں کی سکولوں میں موجود بنیادی سہولتوں کے حوالے سے درجہ بندی) ........ 6

## 1- تعارف:

ضلع لودھراں میں تعلیمی صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے صوبائی اسمبلی کے حلقوں کی سطح پر تعلیمی اعداد وشمار کا تجزیہ کیا گیا جس کی بنیاد پر ان حلقوں کی تعلیمی معیار اور سکولوں میں سہولیات کی فراہمی کے اعتبار سے درجہ بندی کی گئی ہے۔صوبائی حلقوں کا یہ دوسرا ششماہی کارڈ ہے۔پہلا رینکنگ کارڈ جولائی 2013ء سے دسمبر 2013ء کے اعداد وشمار کے مطابق تھا جبکہ موجودہ رینکنگ کارڈ جنوری 2014ء سے جون 2014ء کے اعداد وشمار کے مطابق ہے۔چھ ماہ بعد کی جانے والی یہ رینکنگ صوبائی حلقوں میں ہونے والی تعلیمی پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے معاون ثابت ہوگی۔

اس رینکنگ کارڈ میں ضلع لودھراں کے تمام صوبائی حلقوں کی درجہ بندی کی گئی ہے جن میں پی پی 207 ٗپی پی 208 ٗپی پی 209 ٗ پی پی 210 اور پی پی 211 شامل ہیں۔

## 2- بنیادی مقاصد:

صوبائی حلقوں کی تعلیمی درجہ بندی کا مقصد عوامی نمائندوں اور مقامی سیاستدانوں کو حلقے میں موجود طلباء وطالبات کو معیاری تعلیم کی فراہمی کیلئے معاونت فراہم کرنا ہے تا کہ وہ اپنے حلقہ کی تعلیمی صورتحال بہتر کرنے کیلئے خاطر خواہ اقدامات کریں اور تعلیمی خامیوں اور سکولوں میں دستیاب سہولتوں کے فقدان کو کم کیا جا سکے۔یہ رینکنگ کارڈ حلقہ میں موجود ووٹرز کو بھی معاونت فراہم کرے گا کہ وہ اپنے حلقے کے تعلیمی مسائل کو اپنے منتخب نمائندوں اور مقامی سیاستدانوں کے سامنے مؤثر طریقے سے پیش کرسکیں جس سے ان مسائل کو حل کرنے میں مدد ملے گی۔

## 3- درجہ بندی کا طریقہ کار (Ranking Methodology)

ضلع لودھراں کے صوبائی حلقوں کی درجہ بندی کیلئے دو طرح کے اعداد وشمار کو استعمال کیا گیا ہے جو کہ درج ذیل ہیں:

### (i) تعلیمی معیار کے اعداد وشمار (تعلیمی سکور)


حلقوں میں موجود سکولوں کی تعلیمی صورتحال کے بارے میں اعداد وشمار جمع کیے گئے ہیں۔ان تعلیمی اعداد وشمار میں پانچویں ٗ آٹھویں اور دسویں جماعت کے امتحانی نتائج (فیصد) ٗ حاضر اساتذہ (فیصد) ٗطلباء کی حاضری (فیصد) اور طلباء وسکولوں کی صفائی (فیصد) کی صورتحال کے متعلق اعداد وشمار لیے گئے ہیں۔ان سات Indicators کی اوزانی اوسط (Weighted Average) مجموعی تعلیمی سکور کو ظاہر کرتی ہے۔

### (ii) سکولوں میں دستیاب سہولتوں کے اعداد وشمار (سکول سکور)


اس حصہ میں حلقوں میں موجود سکولوں میں دستیاب بنیادی سہولتوں کے حوالے سے اعداد وشمار لیے گئے ہیں۔ان دستیاب سہولتوں میں چار دیواری ٗ پینے کا پانی ٗلیٹرین اور بجلی شامل ہیں۔ان چار دستیاب سہولتوں کی اوسط فراہمی (Weighted Average) سکول سکور کو ظاہر کرے گی۔

درج بالا طریقۂ کار کے مطابق اگلے صفحہ پر تعلیمی معیار اور دستیاب سہولتوں کے لحاظ سے حلقوں کی درجہ بندی ظاہر کی گئی ہے۔

# حلقہ جاتی تعلیمی درجہ بندی




# صوبائی حلقہ جات کے تعلیمی معیار کے لحاظ سے اعداد و شمار اور درجہ بندی




| PP-207 | PP-208 | PP-210 | PP-211 | PP-209 | |
|---|---|---|---|---|---|
| 88.59 | 76.22 | 73.79 | 58.61 | 86.78 | طلباء کی صفائی ستھرائی 2.50% |
| 73.79 | 67.40 | 73.18 | 65.98 | 77.59 | سکول میں صفائی 2.50% |
| 90.81 | 90.51 | 86.51 | 89.29 | 85.78 | حاضر طلباء 15% |
| 95.16 | 95.09 | 92.49 | 94.15 | 92.69 | حاضر اساتذہ 15% |
| 39.87 | 41.08 | 42.45 | 36.71 | 42.68 | میٹرک کے نتائج 20% |
| 75.40 | 80.01 | 82.69 | 90.64 | 93.02 | آٹھویں کے نتائج 20% |
| 43.25 | 56.62 | 67.27 | 76.84 | 70.85 | پانچویں کے نتائج 25% |

- صوبائی اسمبلی کے حلقہ PP-209 کا مجموعی تعلیمی سکور 75.73 ہے جو کہ ضلع لودھراں کے تمام صوبائی اسمبلی کے حلقہ جات میں سب سے زیادہ ہے' لہٰذا تعلیمی کارکردگی کے اعتبار سے PP-209 پہلے نمبر پر ہے۔
- صوبائی اسمبلی کے حلقہ PP-211 کا مجموعی تعلیمی سکور 75.31 ہے جو کہ ضلع لودھراں کے تمام صوبائی اسمبلی کے حلقہ جات میں تعلیمی کارکردگی کے اعتبار سے دوسرے نمبر پر ہے۔
- صوبائی اسمبلی کے حلقہ PP-210 کا مجموعی تعلیمی سکور 72.37 ہے جو کہ ضلع لودھراں کے تمام صوبائی اسمبلی کے حلقہ جات میں تعلیمی کارکردگی کے اعتبار سے تیسرے نمبر پر ہے۔
- ضلع لودھراں کے شہری یہ توقع رکھتے ہیں کہ باقی تمام حلقہ جات کے تعلیمی ادارے بھی اپنی کارکردگی میں مزید بہتری لائیں گے تا کہ اگلی درجہ بندی میں ان کا شمار پہلے تین حلقہ جات میں ہو سکے۔

# صوبائی حلقہ جات کے سکولوں میں بنیادی سہولتوں کی دستیابی کے حوالے سے اعداد وشمار اور درجہ بندی





| | PP-207 | PP-209 | PP-210 | PP-208 | PP-211 |
|---|---|---|---|---|---|
| لیٹرین 30% | 100 | 100 | 99.03 | 99.30 | 98.68 |
| چاردیواری 20% | 100 | 100 | 100 | 97.90 | 98.01 |
| بجلی 20% | 99.03 | 98.85 | 99.03 | 98.60 | 97.35 |
| پانی 30% | 100 | 100 | 100 | 100 | 100 |

- صوبائی اسمبلی کے حلقہ PP-207 کا مجموعی تعلیمی سکور 99.81 ہے جو کہ ضلع لودھراں کے تمام صوبائی اسمبلی کے حلقہ جات میں سب سے زیادہ ہے' لہٰذا بنیادی سہولتوں کے اعتبار سے PP-207 پہلے نمبر پر ہے۔
- صوبائی اسمبلی کے حلقہ PP-209 کا مجموعی تعلیمی سکور 99.77 ہے جو کہ ضلع لودھراں کے تمام صوبائی اسمبلی کے حلقہ جات میں بنیادی سہولتوں کے اعتبار سے دوسرے نمبر پر ہے۔
- صوبائی اسمبلی کے حلقہ PP-210 کا مجموعی تعلیمی سکور 99.51 ہے جو کہ ضلع لودھراں کے تمام صوبائی اسمبلی کے حلقہ جات میں بنیادی سہولتوں کے اعتبار سے تیسرے نمبر پر ہے۔
- ضلع لودھراں کے شہری یہ توقع رکھتے ہیں کہ باقی تمام حلقہ جات کے تعلیمی ادارے بھی اپنی کارکردگی میں مزید بہتری لائیں گے تاکہ اگلی درجہ بندی میں ان کا شمار پہلے تین حلقہ جات میں ہو سکے۔

# صوبائی حلقوں کی تعلیمی لحاظ سے درجہ بندی


| حلقہ نمبر | موجودہ درجہ بندی جنوری تا جون 2014ء | گزشتہ درجہ بندی جولائی تا دسمبر 2013ء |
|---|---|---|
| پی پی 209 | 1st | 4th |
| پی پی 211 | 2nd | 2nd |
| پی پی 210 | 3rd | 1st |
| پی پی 208 | 4th | 3rd |
| پی پی 207 | 5th | 5th |




یہ امر قابل ستائش ہے کہ PP-209 جو کہ سابقہ درجہ بندی میں چوتھے نمبر پر تھا' اب پہلے نمبر پر ہے۔ اس حلقہ کی درجہ بندی میں بہتری کی ایک اہم وجہ پانچویں اور آٹھویں جماعت کے امتحانی نتائج بہتر ہونا ہے۔ PP-211 سابقہ درجہ بندی میں دوسرے نمبر پر تھا اب بھی دوسرے نمبر پر ہے جبکہ PP-210 جو کہ گزشتہ درجہ بندی میں پہلے نمبر پر تھا' اب تیسرے نمبر پر ہے

## صوبائی حلقوں کی سکولوں میں موجود بنیادی سہولتوں کے حوالے سے درجہ بندی

| حلقہ نمبر | موجودہ درجہ بندی جنوری تا جون 2014ء | گزشتہ درجہ بندی جولائی تا دسمبر 2013ء |
|---|---|---|
| پی پی 207 | 1st | 5th |
| پی پی 209 | 2nd | 4th |
| پی پی 210 | 3rd | 1st |
| پی پی 208 | 4th | 3rd |
| پی پی 211 | 5th | 2nd |




یہ امر قابل ستائش ہے کہ PP-207 جو کہ سابقہ درجہ بندی میں پانچویں نمبر پر تھا' اب پہلے نمبر پر ہے۔ PP-209 سابقہ درجہ بندی میں چوتھے نمبر پر تھا اب دوسرے نمبر پر ہے جبکہ PP-210 جو کہ گزشتہ درجہ بندی میں پہلے نمبر پر تھا' اب تیسرے نمبر پر ہے۔ PP-207 اور PP-209 کی درجہ بندی میں بہتری کی وجہ ان حلقہ جات میں بنیادی سہولتوں کی فراہمی کا بہتر ہونا ہے۔

ضلع لودھراں میں تعلیمی صورتحال میں بہتری لانے کی خاطر انسٹی ٹیوٹ
آف سوشل اینڈ پالیسی سائنسز (I-SAPS) علم آئیڈیاز (Ilm Ideas)
کے ساتھ مل کر کام کر رہا ہے۔

**I-SAPS** Institute of Social and Policy Sciences
*Informing Policies, Reforming Practices*

انسٹی ٹیوٹ آف سوشل اینڈ پالیسی سائنسز (I-SAPS) ایک قومی اور پالیسی سازی میں معاونت کرنے والا ادارہ ہے جو سماجی، معاشی و قانونی موضوعات پر تحقیق میں سرگرم عمل ہے۔ شعبہ تعلیم I-SAPS کا ایک اہم تحقیقی موضوع ہے۔ I-SAPS نے پاکستان میں وفاقی اور صوبائی سطح پر شعبہ تعلیم کی مختلف جہتوں پر تحقیق کی ہے جن میں تعلیم کیلئے مختص کیے جانے والے بجٹ اور اس کا استعمال، تعلیم کے لیے کی جانے والی قانون سازی، نجی تعلیمی شعبہ کا انتظام و انصرام وغیرہ شامل ہیں۔

ISBN: 978-969-9393-40-2

مزید معلومات کیلئے

www.i-saps.org info@i-saps.org 051-111-739-739

@I_SAPS facebook.com/I-SAPS.pk